گورنر KATHY HOCHUL | **فوری ریلیز کے لیے: 2024/15/7**

گورنر HOCHUL نے متعدی بیماری کے خطرات سے نمٹنے کے لیے بائیو ڈیفنس کمرشلائزیشن فنڈ ایوارڈز کے تیسرے راؤنڈ کا اعلان کیا ہے

آج تک، 11 اسٹارٹ اپس اور 16 تعلیمی اداروں کو 25$ ملین سے زیادہ ایوارڈ کیے گئے ہیں

فوری اور پوائنٹ آف کیئر تشخیص اور نگرانی کے آلات پر توجہ مرکوز کرنے والے راؤنڈ تھری ایوارڈز کے لیے 3$ ملین

ریاست نیو یارک کو متعدی بیماریوں کی دریافت اور ان کے تدارک کی پیشرفت میں سب سے آگے رکھا گیا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج 40$ ملین کے ریاست نیو یارک کے بائیو ڈیفنس کمرشلائزیشن فنڈ کے تیسرے راؤنڈ کے ایوارڈ یافتگان کا اعلان کیا ہے۔ یہ پروگرام لائف سائنس کی اختراعات کی پیشرفت اور کمرشلائزیشن کو تیز کرنے کے لئے بنایا گیا تھا اور اس کے ذریعے COVID-19 اور اس کی اقسام سمیت دیگر متعدی بیماریوں کے سنگین خطرات سے نمٹنے والے اقدامات کے ساتھ ہی ملازمتوں کے مواقع پیدا کرنے اور نیو یارک کی بڑھتی ہوئی لائف سائنس انڈسٹری میں مسلسل ترقی کی حوصلہ افزائی بھی کی جاتی ہے۔ امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بعد، اس راؤنڈ کے لیے چار گرانٹس دی جائیں گی، جو کہ 3$ ملین سے زیادہ کے مشترکہ عزم کی نمائندگی کرتی ہیں۔

"نیو یارک کے شہریوں اور مستقبل کی آنے والی نسلوں کی صحت کے تحفظ کے لیے، ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ریاست نیو یارک، متعدی بیماریوں کی دریافت میں ایک رہنما کی حیثیت رکھتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ان ایوارڈز سے نمایاں ملازمتیں اور سرمایہ کاریاں متوجہ ہوتی رہیں گی تاکہ ہم ملک میں مضبوط ترین لائف سائنس ایکو سسٹم کی تعمیر جاری رکھ سکیں۔"

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "بائیو ڈیفنس کمرشلائزیشن فنڈ سے ریاست کو متعدد طریقوں سے فائدہ پہنچ رہا ہے - جن میں اختراعی تحقیق کے لیے کمرشلائزیشن کے راستے ہموار کرنا، ملازمتوں اور سرمایہ کاری فنڈنگ کا اضافہ، اضافی غیر تحلیلی فنڈنگ راغب کرنا، اور ہمارے لائف سائنس ایکو سسٹم کی ترقی کی حوصلہ افزائی کرنا شامل ہے۔"

تیسرے راؤنڈ کے مجوزہ ایوارڈ یافتگان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- روور ڈائگناسٹکس (Brian Caplin, PhD) – 1.8$ ملین – ***سستا اور مطابقتت پذیر ریئل ٹائم نیوکلیئک ایسڈ ایمپلیفیکیشن ٹیسٹ (NAAT) پلیٹ فارم برائے تیزتر تشخیصی ترقی، رسپانس، اور نگرانی:*** روور ڈائیگناسٹکس اپنی پہلے پیش کردہ منفرد ٹیکنالوجی کی بنیاد پر پیش رفت کر رہا ہے تاکہ مالیکیولر ڈائیگناسٹکس مارکیٹ میں سوابز جمع کرنے اور پروسیسنگ کے لیے سب سے کم لاگت کے قابل استعمال کارٹریج، اور ایک کھلا پلیٹ فارم تیار کیا جا سکے جہاں نئے نیوکلیئک ایسڈ ایمپلیفیکیشن ٹیسٹ تیزی سے پلیٹ فارم میں شامل کیے جا سکتے ہیں۔ بائیو ڈیفنس کے محققین اور جانچ کے ڈویلپرز کی مدد کے لیے، اس

کا حل تیار کیا جا رہا ہے تاکہ پہلے سے تیار شدہ کٹس آسانی سے شامل کی جا سکیں یا ابھرنے والے بائیو تھریٹس کے لیے آسانی سے *ڈی نوو (de novo)* لیبارٹری ٹیسٹ تیار کیے جا سکیں اور سپلائی چین کی رکاوٹوں کے لیے آسانی سے صنعتی استعداد اور مضبوطی ممکن بنائی جائے۔

- **ماؤنٹ سنائی میں آئیکان اسکول آف میڈیسن (Gang Fang, Ph.D.) – ($498,365) – *اینٹی بائیوٹک مزاحمت کی درست، حساس اور لاگت کے اعتبار سے مؤثر نگرانی*** موجودہ طبی طریقے اور PCR پر مبنی طریقوں سے وابستہ چیلنجوں کو روکنے کے لیے، Dr. Fang اور ان کی ٹیم ایک نیا ٹول تیار کر رہی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ اینٹی بائیوٹک کی مزاحمت کی نگرانی کے لیے اعلیٰ حساسیت اور خصوصیت دونوں حاصل کی جائیں۔ یہ ٹیم پیشاب کی نالی کے انفیکشن (urinary tract infection, UTI) کے ابتدائی اطلاق کرنے میں پیمانے کی گنجائش اور مضبوطی کا مظاہرہ کرنے پر توجہ مرکوز کرے گی، جبکہ یہ انفیکشن خواتین اور بزرگوں میں بہت زیادہ پایا جاتا ہے، اس کے بعد دیگر نشاندہیوں میں توسیع کی جائے گی۔

- **کولمبیا یونیورسٹی (Ian Lipkin, M.D.) – ($500,000) – *CapSeq: متعدی بیماری کی تیزی سے تفریق والی تشخیص اور اینٹی مائیکروبیئل مزاحمتی عناصر کا پتہ لگانے کے لیے ایک حساس ٹول:*** مرکز برائے انفیکشن اور مدافعت کی جانب سے دو تشخیصی جانچ کے طریقے، VirCapSeq-VERT اور BacCapSeq، یکجا کیے جا رہے ہیں، تاکہ نگرانی اور متعدی بیماریوں کی تفریقی تشخیص کے لیے ایک طاقتور، جامع پلیٹ فارم بنایا جا سکے۔ VirCapSeq-VERT سے ممالیہ جانداروں اور پرندوں کے تمام معلوم وائرسوں کا پتہ لگایا جاتا ہے اور اس میں ابھرتے ہوئے وائرسوں کا پتہ لگانے کی صلاحیت موجود ہے جو وبائی امراض کے خطرات کا باعث بنتے ہیں۔ BacCapSeq، جو بیکٹیریل پیتھوجینز کا پتہ لگانے کے لیے ایک مربوط نظام ہے اور یہ اینٹی مائیکروبیئل مزاحمتی (antimicrobial resistance, AMR) عناصر کے بارے میں ڈیٹا بھی فراہم کرتا ہے جن سے انفیکشن کے دوران اینٹی بائیوٹک کے انتخاب کی ابتدائی معلومات حاصل ہو سکتی ہیں۔ یہ ٹولز کئی ایپلیکیشنز میں ایگنوسٹک مائیکروبیئل نگرانی ممکن بنائیں گے جن میں کلینیکل تشخیص، خون والی مصنوعات کی اسکریننگ اور گندے پانی کے تجزیے شامل ہیں۔

- **نیاگرا یونیورسٹی (Mary McCourt, Ph.D.) – ($261,488) – *کولیسٹوسوم (Cholestosome) ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ایک عام اینٹی وائرل معالجاتی طریقے کی تیاری:*** Dr. McCourt کی لیب میں جسم کے زنک کے نظم و ضبط کو روکنے کے لیے کولیسٹوسوم کیریئر ٹیکنالوجی تیار کی جا رہی ہے، جس سے انٹرا سیلولر ارتکاز کے لیے ممکن ہو جاتا ہے کہ عام اینٹی وائرل ردعمل کو متاثر کیا جا سکے۔ زنک انسانی جسم میں ایک اہم قلیل سی دھات ہے، جو سیلولر عمل کے لیے حیاتیاتی طور پر ضروری ہے، اور مختلف قسم کے وائرل پیتھوجینز کی انٹرا سیلولر تقلیدی پیداوار روک سکتی ہے۔ ٹیم کا مقصد یہ ہے کہ اس بات کا اظہار کیا جائے کہ کولیسٹوسوم پر مشتمل زنک میں پیتھوجین انفیکشنز کے ردعمل میں مریض کے نتائج کو مثبت طور پر متاثر کرنے اور مستقبل میں وائرل بیماری کے منتشر ہونے یا عالمی وبا کے لیے تیاری بڑھانے کی صلاحیت موجود رہے۔

درخواست کے تین راؤنڈز کے ذریعے، 11 اسٹارٹ اپس اور 16 تعلیمی اداروں کو بائیو ڈیفنس کمرشلائزیشن فنڈ ایوارڈز کی مد میں 25.5$ ملین دیئے گئے ہیں۔ ستمبر 2021 میں اپنے آغاز سے، بائیو ڈیفنس کمرشلائزیشن فنڈ نے متعدی بیماریوں کے تدارک کے طریقوں کو مارکیٹ میں لانے میں مدد دی ہے، جن میں تشخیص، معالجاتی طریقے اور ایسی دیگر اختراعات شامل ہیں جو سنگین متعدی بیماریوں کے پھیلاؤ کی روک تھام کرتی ہیں یا انہیں کم کرتی ہیں۔ بائیو ڈیفنس کمرشلائزیشن کے سابقہ ایوارڈ یافتگان اس پروگرام کے مثبت معاشی اثرات کا پہلے سے ہی مظاہرہ کر رہے ہیں، جن میں بیرونی فنڈنگ کی مد میں 359$ ملین حاصل کیے جا چکے ہیں، ریاست نیو یارک میں 22 نئی ملازمتیں پیدا کی گئی ہیں، اور 22 پیٹنٹ درخواستیں جمع کروائی گئی ہیں۔

بائیو ڈیفنس کمرشلائزیشن فنڈ کی رہنمائی ایک ایگزیکٹیو کمیٹی کی جانب سے کی جاتی ہے جس میں ریاست نیو یارک کا محکمۂ صحت، کولمبیا یونیورسٹی، ماؤنٹ سینائی اسکول آف میڈیسن کے نمائندے اور دو امید افزا فنڈز شامل ہیں۔ بائیو فارما انڈسٹری، لائف سائنس وینچر کمیونٹی اور شعبہ تدریس کے ماہرین کا ایک پینل جمع کرائی گئی درخواستوں پر ESD کو جائزہ اور مشورے فراہم کرتا ہے۔ مزید برآں، انٹرپرینیورشپ اور بائیو فارماسیوٹیکل ڈویلپمنٹ اور کمرشلائزیشن میں گہری مہارت رکھنے والے 40 سے زائد سرکردہ سرپرست افراد گرانٹ حاصل کرنے والوں کو اپنی ٹیکنالوجیز کو کمرشلائزیشن کی طرف آگے بڑھانے میں مدد دیتے ہیں۔

یہ ایوارڈ یافتہ پروجیکٹس، کمپنی اور روزگار کی تخلیق/برقراری میں اور اضافی سرمائے کی راہیں استوار کرنے کے لئے اپنے پروگراموں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے، ریاست کی اقتصادی ترقی کی کوششوں کی مزید حمایت کرتے ہیں۔ بائیو ڈیفنس کمرشلائزیشن فنڈ گرانٹ سے نوازی گئی کمپنیوں کو ریاست نیو یارک میں رہنے اور گرانٹ کی تکمیل کے بعد کم از کم تین سال تک مسلسل کاروبار کرنے کا عہد کرنا ہو گا۔

متعدی بیماریوں کے سنگین خطرات کی روک تھام، علاج، یا ان میں کمی کرنے کے لئے امید افزا تشخیص، ویکسین، علاج اور دیگر اختراعات تیار کرنے والی اسٹارٹ اپ کمپنیوں کو 4$ ملین ڈالر تک کی گرانٹس کے لئے درخواست دینے کے لئے مدعو کیا گیا تھا۔ نیو یارک کے تعلیمی تحقیقی ادارے بھی لائف سائنسز میں جدید انٹلیکچوئل پراپرٹی کو تیز تر کرنے میں مدد کے لئے 500,000$ تک کی گرانٹ کے لئے درخواست دینے کے اہل تھے۔ بائیو ڈیفنس کمرشلائزیشن فنڈ کے بارے میں مزید معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں۔

ریاست نیو یارک کا 620$ ملین کا لائف سائنس اقدام
ریاست نیو یارک نے نیو یارک میں عالمی معیار کے لائف سائنس ریسرچ کلسٹر کی ترقی کو فروغ دینے کے ساتھ اس تحقیق کو کمرشل بنانے اور معیشت کو بڑھانے کے لیے ریاست کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے 620$ ملین کی کاوش کا قیام کیا تھا۔ اس کثیر الجہتی اقدام میں اسٹریٹجک پروگراموں کے لیے 320$ ملین شامل ہیں جو نئی لائف سائنس ٹیکنالوجیز کو اس ریاست کی جانب راغب کرتے ہیں، ابھرتے ہوئے لائف سائنس کے شعبوں میں اہم سرکاری اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو فروغ دیتے ہیں، اور پورے نیو یارک میں لائف سائنس سے متعلقہ کاروباری ادارے اور روزگار پیدا کرتے ہیں اور ان میں توسیع کرتے ہیں۔ ریاست نیو یارک کا لائف سائنس انیشی ایٹیو اسٹریٹجک منصوبہ یہاں پڑھیں۔

لائف سائنس کا شعبہ بائیو ٹیکنالوجی، فارماسیوٹیکل، بائیو میڈیکل ٹیکنالوجیز، لائف سسٹم ٹیکنالوجیز کے شعبوں پر محیط ہے اور اس میں ایسی تنظیمیں اور ادارے شامل ہیں جو اپنے کام کا بڑا حصہ تحقیق، ترقی، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور کمرشلائزیشن کے مختلف مراحل کے لیے وقف کرتے ہیں۔ ہر روز، اس شعبے میں کام کرنے والی فرمز ایسی نئی طبی اور دواسازی کی جدتیں پیدا کر رہی ہیں جن میں جان بچانے کی صلاحیت ہے، چاہے نئے علاج کے ذریعے ہو یا کینسر اور اعصابی امراض جیسی بیماریوں کا جلد پتہ لگانا ہو۔ یہ کمپنیاں زراعت اور ماحولیاتی بائیو ٹیکنالوجی کے شعبوں میں بھی اہم پیشرفتیں کر رہی ہیں اور ایک صاف ستھرا اور زیادہ پائیدار مستقبل بنانے میں مدد کر رہی ہیں۔

مراعات کو تقویت دینے، سہولیات میں سرمایہ کاری کرنے اور ہنر اور مہارت تک رسائی کو بہتر بنانے سے، نیویارک صنعت کی مالی اعانت سے چلنے والی تحقیق اور ترقی کے اپنے حصے میں نمایاں اضافہ کرے گا، موجودہ تعلیمی تحقیق کی کمرشلائزیشن کی معاونت کرے گا اور جدید ٹیکنالوجیز کی اگلی نسل کا آغاز کرے گا۔ سائنسی ترقی کے اور آگے جاتے ہوئے یہ کاوش ابھرتے ہوئے مینوفیکچرنگ پر مبنی کاروباری اداروں کو نیویارک کی طرف راغب کرے گی، علاقائی معیشتوں کو تقویت دے گی، اور ہزاروں ملازمتیں پیدا کرے گی۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں